HABIBMETRO

# ASSURED MARRIAGE PLAN

STAY AHEAD



Jubilee
LIFE INSURANCE

آپکی زندگی میں یا اس کے بعد بھی آپکے بچوں کی شادی اور دیگر ضروریات کی تکمیل کے لئے مالی منصوبہ بندی کی ضرورت ہوتی ہے۔شادی کی تیاریوں میں ایک کثیر لاگت آتی ہے جن سے نبرد آزما ہونے کے لئے آپکو ایک لچکدار بچت کے طریقے کو اپنانا چاہیئے ۔

حبیب میٹروپولیٹن بینک، جوبلی لائف کے تعاون سے پیش کرتا ہے اشورڈ میرج پلان ، ایک ایسا لائف انشورنس پلان جو آپکو اپنے بچوں کے مستقبل کے تحفظ کے ساتھ بچت کرنے میں مدد کرتا ہے تا کہ آپ اپنے بچوں کی شادی کے ممکنہ اخراجات سے نبرد آزما ہوسکیں۔

## خصوصیات:

- بیمہ کی رقم از خود منتخب کرنے کی سہولت، جو آپکے انتقال کی صورت میں آپکے خاندان اور پیاروں کو ادا کی جائے گی
- پلان کی تکمیل پر بچت کے حصول کے لئے اپنی مرضی سے پلان کی میعاد چننے کی سہولت
- اپنی مرضی کے مطابق فنڈ میں سرمایہ کاری کی سہولت
- پالیسی کی مدت کے دوران کسی بھی وقت اضافی بچت سے اپنی سرمایہ کاری میں اضافے کی سہولت
- مختلف اختیاری فوائد کے ذریعے تحفظ میں اضافہ کی سہولت

## تحفظ:

پلان کی مدت کے دوران آپکے انتقال کی صورت میں آپکے پیاروں کو پالیسی کی کیش ویلیو یا سالانہ بنیادی پریمیئم کے *25 گنا تک میں سے جو زائد ہوڈیتھ بینیفٹ کی صورت میں ادا کی جائے گی۔ پالیسی ہولڈر کو دستیاب ہے کم از کم *5 سے شروع ہونے والی کور ملٹیپل کی رینج،جس کا انحصار پالیسی لیتے وقت لائف ایشورڈ کی عمر پر ہے۔

* انڈر رائٹنگ کے نتائج پر منحصر

## اختیاری فوائد:

ایک لچکدار پلان ہونے کے ناطے یہ پلان آپ کو اضافی اختیاری رائڈرز منتخب کرنے کی سہولت دیتا ہے

## فیملی انکم بینیفٹ:

موت کی صورت میں دیگر فوائد کے علاوہ آپکے خاندان کو متواتر پیش آنے والے اخراجات سے نمٹنے کے لئے خاص مدت تک ایک اضافی باقاعدہ رقم ادا کی جائے گی۔

### حادثاتی موت:

حادثاتی موت واقع ہونے کی صورت میں اس بینیفٹ کے تحت اضافی رقم کی ادائیگی کی جائے گی۔

### حادثاتی موت اور معذوری:

حادثاتی موت اور معذوری کی صورت میں اس بینیفٹ کے تحت ایک اضافی رقم کی ادائیگی کی جائے گی۔

### مکمل مستقل معذوری:

مکمل مستقل معذوری لاحق ہونے پر، موت کی صورت میں ملنے والا بینیفٹ پہلے ہی ادا کر دیا جائے گا۔

### پیچیدہ بیماریوں سے تحفظ:

مخصوص پیچیدہ بیماریوں میں سے کسی کی تشخیص کی صورت میں، موت پر ملنے والا بینیفٹ پہلے ہی دے دیا جائے گا۔

### ہاسپٹلائزیشن کیش رائڈر:

ہسپتال میں داخلے کی صورت میں یومیہ ادائیگی ہوگی۔ مخصوص پیچیدہ بیماریوں میں سے کسی کی وجہ سے ہسپتال میں داخلے کی صورت میں یہ بینیفٹ دگنا ادا کیا جائے گا۔ انتہائی نگہداشت وارڈ میں داخلے کی صورت میں اضافی فوائد کی ادائیگی ہوگی۔ اس بینیفٹ کے تحت بچوں اور جیون ساتھی کو بھی کور کیا جاسکتا ہے۔

### پریمیئم کی چھوٹ:

اگر آپ کسی بیماری یا معذوری کی وجہ سے اپنا موجودہ پیشہ یا کوئی بھی دوسرا پیشہ (جو آپ کی تعلیم، تربیت اور اہلیت کے مطابق ہو) کم از کم چھ ماہ تک جاری نہیں رکھ پاتے تو جوبلی لائف، اگلی قابل ادائیگی تاریخ سے آپکا پریمیئم خود ادا کرے گی۔

### فنڈز مینجمنٹ:

جوبلی لائف مندرجہ ذیل فنڈز کی سہولت پیش کرتی ہے۔ آپ چاہیں تو اپنا تمام پریمیئم کسی ایک فنڈ میں جمع کرواسکتے ہیں یا چاہیں تو اپنے پریمیئم کے حصے کر کے ایک سے زائد فنڈز میں جمع کروادیں۔

### مینجڈ فنڈ: (Managed Fund)

اس فنڈ کا مقصد حصص، حکومتی اور دیگر فکسڈ انکم سیکیورٹیز اور کیش ڈپازٹس میں متوازن سرمایہ کاری کے ذریعے سرمائے کو زیادہ سے زیادہ بڑھانا ہے۔

### یقین گروتھ فنڈ: (Yaqeen Growth Fund)

اس فنڈ کا مقصد ایسے سرمایہ کاروں کو سرمایہ کاری کے مواقع فراہم کرنا ہے جو مارکیٹ کے اُتار چڑھاؤ سے کم سے کم متاثر ہونے والی اعلیٰ سطح کی لیکوئڈ سرمایہ کاری سے زیادہ منافع حاصل کرنا چاہتے ہوں۔

### میثاق فنڈ: (Meesaq Fund)

اس فنڈ کا مقصد سرمایہ کاروں کو بلا سود سرمایہ کاری کے مواقع فراہم کرتا ہے۔ میثاق فنڈ کی سرمایہ کاری منتخب اسٹاکس، سکوک بانڈز، اسلامک بینک کے مختصر معیاد کے ڈپازٹس، اسلامک میوچل فنڈز، اسلامک بینک کے فکسڈ انکم فنڈز اور دیگر کارآمد بلا سود سرمایہ کاری کے شعبوں میں کی جاتی ہے۔

### کیپٹل گروتھ فنڈ: (Capital Growth Fund)

اس فنڈ کا مقصد پالیسی ہولڈرز کے لئے زیادہ سے زیادہ منافع کا حصول ہے جس کے لئے شیئرز، ٹرم فنانس سرٹیفیکیٹس اور بینک ڈپازٹس جیسے اثاثوں میں سرمایہ کاری کی جاتی ہے۔

جوبلی لائف آپکو پالیسی سال کے دوران چار بار مفت سوئچنگ کی اجازت دیتی ہے۔ پانچویں بار سوئچنگ پر چارجز لاگو ہوں گے جو سوئچ سے پہلے ہی آپکی کیش ویلیو/یونٹ اکاؤنٹ سے کاٹ لئے جائیں گے۔

### پلان کی تکمیل:

پلان کی تکمیل پر آپ پالیسی کی کیش ویلیو کے اہل ہوں گے۔

### ایڈہاک پریمیئم ادائیگی:

اشورڈ میرج پلان آپکو سہولت دیتا ہے کہ آپ پالیسی کی میعاد کے دوران اضافی رقم کی سرمایہ کاری کر کے اپنی باقاعدہ سرمایہ کاری میں اضافہ کرسکتے ہیں۔

### آپکی بچت تک رسائی:

آپ اپنے فنڈز سے کسی بھی وقت (مکمل یا جزوی طور پر) دستبردار ہوسکتے ہیں بشرطیکہ آپ نے پالیسی کے دو سال کا پریمیئم ادا کر رکھا ہو۔

## جزوی دستبرداری:

اگر آپ کسی ہنگامی صورتحال سے نبرد آزما ہونے کے لیے رقم نکلوانا چاہتے ہیں مگر پالیسی سے دستبردار نہیں ہونا چاہتے تو آپ کم از کم 15,000 روپے نکلوا سکتے ہیں بشرطیکہ دستبرداری کے بعد پالیسی کی باقی ماندہ کیش ویلیو کم از کم 24,000 روپے ہو۔

## مکمل دستبرداری:

دستبرداری کے وقت آپکو پالیسی کی مکمل کیش ویلیو ادا کی جائے گی۔ابتدائی سالوں میں دستبرداری کے نتیجے میں کیش ویلیو میں کمی کا اندیشہ ہے۔

## مزید معلومات:

## یونٹ ایلوکیشن:

آپکے پریمیم کی اس طرح ایلوکیشن ہوگی:

| پالیسی سال | ایلوکیشن (سالانہ بنیادی پریمیم کا تناسب %) |
|---|---|
| 1 | 35% |
| 2 | 85% |
| 3 | 90% |
| 4 | 100% |
| 5 اور آگے | 103% |
| ایڈہاک | 100% |

## اہلیت اور میعاد:

یہ پلان حبیب میٹروپولیٹن بینک کے ان تمام صارفین کے لئے ہے جنکی عمر 18 سے 55 سال کی عمر تک ہے۔ پلان کی کم از کم میعاد 10 سال اور زیادہ سے زیادہ 25 سال ہے بشرطیکہ پلان کی تکمیل پر زیادہ سے زیادہ عمر 70 سال ہو۔

## پریمیئم ادائیگی:

پلان کا بنیادی سالانہ پریمیئم 24,000 روپے ہے۔آپ اپنا پریمیئم سالانہ،ششماہی،سہ ماہی یا ماہانہ بنیاد پر ادا کر سکتے ہیں۔

## مفت تجرباتی دورانیہ:

جوبلی لائف آپکو 14 دن کے مفت تجرباتی دورانیے کی سہولت پیش کرتی ہے جس کے دوران آپ اپنی پالیسی کی شرائط وضوابط کا جائزہ لے سکتے ہیں اور چاہیں تو پالیسی منسوخ بھی کر سکتے ہیں۔ پالیسی دستاویز کی وصولی کے 14 دن کے اندر آپ کی تحریری درخواست موصول ہونے کی صورت میں آپ کا پریمیئم واپس کر دیا جائے گا۔ جوبلی لائف اس سلسلے میں صارف کے طبی معائنے پر ہونے والے اخراجات کی کٹوتی کا حق محفوظ رکھتی ہے۔

## چارجز:

پلان پر درج ذیل چارجز* لاگو ہوں گے:

| | |
|---|---|
| بڈ/آفر اسپریڈ | بنیادی پریمیئم کا 5% |
| انویسٹمنٹ مینجمنٹ چارج | فنڈ ویلیو کا 1.5% سالانہ |
| انتظامی فیس | 60 روپے ماہانہ |
| مورٹیلٹی چارجز | قابل اطلاق |

* جوبلی لائف کی جانب سے تمام چارجز پر نظر ثانی کی جا سکتی ہے۔

## ڈسکلیمر:

- یہ پراڈکٹ جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ کی طرف سے مرتب کردہ ہے۔ حبیب میٹرو پولیٹن بینک لمیٹڈ اور اسکے منسلکہ ادارے نہ ہی اس پراڈکٹ کے ضامن ہیں اور نہ ہی یہ بینک کی پراڈکٹ ہے۔
- جوبلی لائف فنڈز کی ماضی کی کارکردگی انکے مستقبل کی کارکردگی کی ضامن نہیں ہے۔ اس مد میں کسی بھی پیش گوئی اور جوبلی لائف فنڈ کی کارکردگی پر جوبلی لائف اور حبیب میٹرو پولیٹن بینک جوابدہ نہیں۔
- ذاتی فوائد کی مثال آپکو ہمارا سیلز کا نمائندہ فراہم کرے گا۔ برائے مہربانی دیئے گئے مفروضے کی شرائط وضوابط کا اچھی طرح مشاہدہ کر لیں۔
- شرائط وضوابط کے تفصیلی جائزے کے لیے پالیسی دستاویزات کا مطالعہ کریں۔
- حبیب میٹرو پولیٹن بینک، جوبلی لائف کے لیے تقسیم کار کا کام کر رہا ہے اور کسی طور پر بھی کسی شخص، بیمہ شدہ فرد، یا وارث کو جوابدہ نہیں ہے۔
- جوبلی لائف اس پراڈکٹ کی تحریر کردہ ہے اور بیمہ شدہ افراد اور ورثاء کو کلیم کی ادائیگی کے لئے ذمہ دار ہے۔

**Jubilee Life Insurance Company Limited**
74/1-A, Lalazar, M.T. Khan Road, Karachi - 74000, Pakistan
Phone:(021) 35205095, Fax:(021) 35610959
UAN:(021) 111-111-554, SMS:"JUBILEELIFE" to 8398
E-mail:info@jubileelife.com, complaints@jubileelife.com
Website:www.jubileelife.com

**Habib Metropolitan Bank Limited**
Head Office, Spencer's Building,
I.I. Chundrigar Road, Karachi, Pakistan.
UAN: 111-14-14-14,
0800-HABIB (42242)
www.habibmetro.com